الحسن
فضائل
امامِ حسنِ مجتبیٰ علیہ السلام
(حدیث و آثار کی روشنی میں)
پیشکش
مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

جماعت حیدر کرار
عنوانات
الحسن
1:۔ام فضلؓ کا خواب اور پیدائش کی بشارت
2:۔رسول اللہ ﷺ نے اپنے لعاب سے گھٹی دی
3:۔نواسے کے کان میں رسول اللہ ﷺ نے اذان دی
4:۔رسول اللہ ﷺ نے خود نام رکھا
5:۔حسنؑ یہ جنتی نام آپ سے پہلے کسی کا نہ تھا
6:۔اے اللہ تو بھی حسنؑ کو محبوب رکھ
7:۔اے اللہ محبوب رکھ محب حسنؑ
8:۔نبی کی محبت کے ساتھ سیدنا حسنؑ کی محبت کا وجوب
9:۔راکبِ دوش مصطفی ﷺ
10:۔سیدنا حسنؑ اور ان کے بھائی ابن رسول
11:۔اوصافِ نبی ﷺ کے وارث
12:۔سر سے سینہ تک رسول اللہ ﷺ کے مشابہ
13:۔ہم شکلِ نبی ﷺ
14:۔سب سے زیادہ رسول اللہ ﷺ کے مشابہ
15:۔حسنؑ مجھ سے ہے
16:۔دنیاوی سیادت اور قیادت
17:۔جنت کی سرداری
18:۔ریحانۂ نبی ﷺ
19:۔بوسہ گاہِ رسول ﷺ
20:۔میرے ماں باپ قربان ہوں
مجلسِ تحقیقا جماعتِ حیدرِ کرار

1
حدیث نمبر
ام فضلؓ کا خواب اور پیدائش کی بشارت
الحسین
سیدہ ام فضلؓ کہتی ہیں کہ میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس گئی اور کہا:
”میں نے خواب میں اپنے گھر میں آپ کے اعضاء میں سے ایک عضو دیکھا
ہے، اس لئے میں گھبرا گئی ہوں، یہ سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اللہ نے
چاہا تو عنقریب فاطمہ سلام اللہ علیہا کے ہاں ایک لڑکا پیدا ہوگا اور تم اس کی کفالت کروگی۔“
(المسند لاحمد بن حنبل، مسند النساء، فاطمة بنت رسول الله، ء حديث أم فضل، رقم 26875)
مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

رسول اللہ ﷺ نے اپنے لعاب سے گھٹی دی
2
حدیث نمبر
الحسن ع
"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی زبان مبارک سے لعاب دہن سے گھٹی دی۔"
(المعجم الكبير للطبراني، باب الحاء، مسند حسن بن علي، بقية اخبار، رقم 2656)
مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

3
حدیث نمبر
نواسے کے کان میں رسول اللہ ﷺ نے اذان دی
الحسن علیہ السلام
"ابی رافعؓ بیان کرتے ہیں کہ جب سیدنا حسن علیہ السلام کی ولادت
ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے کان میں اذان دی"۔
(سنن لأبي داؤد، کتاب الادب، باب في الصبي یولد فیؤذن في أذنه، رقم 5105)
مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود نام رکھا
4
حدیث نمبر
الحسن
”حضرت جعفر محمد حسن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے
ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود سیدنا حسن بن علی کا
نام ان کی پیدائش کے ساتویں دن رکھا تھا“۔
(المستدرک للامام الحاکم، کتاب معرفۃ الصحابۃ، باب من مناقب الحسن و الحسین رقم 4804)
مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

"حسنؑ" یہ جنتی نام آپ سے پہلے کسی کا نہ تھا
5
حدیث نمبر
"حسن اور حسین جنتی ناموں میں سے
دو (۲) نام ہیں جو کہ دورِ جاہلیت میں
پہلے کبھی نہیں رکھے گئے تھے"۔
(اسد الغابة في معرفة الصحابة لإبن اثير، ترجمة الحسين بن علي)
مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

6
حدیث نمبر
اے اللہ تو بھی حسن کو محبوب رکھ
الحسن
”حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نے سیدنا حسن کو اٹھایا ہوا تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرما رہے تھے
اے اللہ! میں اس سے محبت کرتا ہوں پس تو بھی اس سے محبت فرما۔“
(الجامع الصحیح للبخاري، کتاب فضائل اصحاب النبي، باب مناقب الحسن والحسین رقم 3749)
مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

7
حدیث نمبر
اے اللہ محبوب رکھ محبِ حسن
الحسن
بچپن میں سیدنا حسن علیہ السلام دوڑتے آئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:
”اے اللہ! میں اس سے محبت رکھتا ہوں تو بھی اس سے محبت رکھ اور اس سے بھی محبت رکھ جو اس سے محبت رکھے۔“
(الجامع الصحيح للبخاري، كتاب اللباس، باب السخاب للصبيان، رقم 5884)
مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

8
حدیث نمبر
نبی کی محبت کے ساتھ سیدنا حسنؑ کی محبت کا وجوب
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:
”جو مجھ سے محبت کرتا ہے اسے چاہیے
کہ وہ حسن علیہ السلام سے بھی محبت کرے۔“
(تاريخ مدينة دمشق لابن عساكر، ج 13، ص 197، ترجمة الحسن بن علي رقم 3168)
مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

راکبِ دوشِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
9
حدیث نمبر
حضرت عبد اللہ ابن عباس فرماتے ہیں:
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سیدنا حسن علیہ السلام کو اپنے کاندھوں پر بٹھائے ہوئے ہمارے
پاس تشریف لائے راستے میں ایک آدمی سے آپ کی ملاقات ہوئی وہ کہنے لگا:
"کیا ہی اچھی سواری ہے جس پر تو سوار ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:
سوار دیکھو وہ بھی بہت اچھا ہے"۔
(الجامع للترمذي، کتاب المناقب، باب مناقب الحسن والحسین رقم 3784)
مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

10
حدیث نمبر
سیدنا حسنؑ اور ان کے بھائی ابن رسول ﷺ
الحسن
سیدنا حسن علیہ السلام نے کوفہ میں اپنے ایک خطبہ میں ارشاد فرمایا:
"لوگو اس وقت اگر تم جابلق اور جابرص کے درمیان
ایسے فرد کو تلاش کرو گے جس کا نانا نبی ہو تو تمہیں میرے
بھائی اور میرے سوا کوئی نہیں ملے گا۔"
(سیر اعلام النبلاء لعثمان الذهبي، ترجمه الحسن بن علي)
مجلسِ تحقیقاتِ جماعت حیدرِ کرار

اوصافِ نبی ﷺ کے وارث
11
حدیث نمبر
الحسن علیہ السلام
رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا:
”حسن علیہ السلام میری ہیبت اور سرداری کا وارث ہے۔“
(المعجم الكبير للطبراني، معجم النساء، حرف الفاء، عن فاطمة رضي الله عنها بنت رسول ﷺ، رقم 1041)
مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

12
حدیث نمبر
سر سے سینہ تک رسول اللہ ﷺ کے مشابہ
حضرت علی علیہ السلام فرماتے ہیں کہ:
”سیدنا حسن علیہ السلام سینہ سے لے کر سر تک
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کامل شبیہ ہیں“۔
(سنن الترمذي، كتاب المناقب عن رسول، باب مناقب ابي محمد الحسن... الخ، رقم 3779)
مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

13
حدیث نمبر
ہم شکلِ نبی ﷺ
الحسن
حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:
”سیدنا حسن رضی اللہ عنہ بن علی رضی اللہ عنہ کا چہرۂ اقدس
رسول اللہ ﷺ کے چہرۂ انور کی شبیہ تھا۔“
(تاريخ مدينة دمشق للابن عساكر، ج 14، ص 127، ترجمة الحسن بن علي)
مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

سب سے زیادہ رسول اللہ ﷺ کے مشابہ
14
حدیث نمبر
الحسن
حضرت انس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ:
"حسن بن علی علیہ السلام سے زیادہ اور کوئی شخص
نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے زیادہ مشابہ نہیں تھا"۔
(الجامع الصحیح للبخاري، کتاب فضائل اصحاب النبي، باب مناقب الحسن و الحسین رقم 3752)
مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

حسن علیہ السلام مجھ سے ہے
15
حدیث نمبر
الحسن ع
خالدؒ روایت کرتے ہیں کہ حضرت مقدام رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت سیدنا حسنؓ کی وفات پر
حاکم وقت کی اصلاح کرتے ہوئے حدیث بیان کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:
"حسن علیہ السلام مجھ سے ہے اور حسین علیہ السلام علی علیہ السلام سے"۔
(السنن للأبي داود، کتاب اللباس، باب 43 في جود النمود، رقم 4131)
مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

دنیاوی سیادت اور قیادت
16
حدیث نمبر
حضرت ابوھریرہ رضؓ نے سیدنا حسن علیہ السلام کی آمد پر کہا
میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا:
"یہ میرا بیٹا سردار ہے۔"
(المستدرک للامام حاکم، کتاب معرفۃ الصحابۃ، فضائل حسن بن علي 4792)
مجلس تحقیقات جماعت حیدر کرار

17
حدیث نمبر
جنت کی سرداری
الحسن
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:
"جس نے جنت کے نوجوانوں کے سردار
کو دیکھنا ہو وہ حسنؓ بن علیؓ کو دیکھ لے"۔
(فیض القدیر شرح الجامع الصغیر للإمام مناوي، حرف المیم، رقم 8747)
مجلسِ تحقیقاتِ جماعتِ حیدرِ کرار

18
حدیث نمبر
ریحانۃ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
الحسن ع
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
”بیشک یہ دنیا میں میرا ریحانہ ہے اور میرا یہ بیٹا سردار ہے“۔
(الصحیح لابن حبان، مناقب الصحابة، ذكر قول مصطفى لحسن بن علي، رقم 6965)
مجلسِ تحقیقاتِ جماعت حیدرِ کرار

حدیث نمبر 19

## بوسہ گاہِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

الحسن

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ:

"میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سیدنا حسن رضی اللہ عنہ بن علی رضی اللہ عنہ کو بوسہ دیتے دیکھا"

(الجامع الصحیح للبخاري، کتاب الأدب، باب رحمة الولد و تقبیله و معانقته، رقم 5997)

میرے ماں باپ قربان ہوں
20
حدیث نمبر
الحسن
عقبہ بن حارث رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ میں نے ابو بکرؓ کو دیکھا
کہ آپ حسن علیہ السلام کو اٹھائے ہوئے ہیں اور فرما رہے تھے:
"میرے ماں باپ ان پر فدا ہو یہ نبی کے مشابہ ہیں علیؓ کے نہیں"۔
(الجامع الصحیح للبخاري، کتاب فضائل اصحاب النبي، باب مناقب الحسن و الحسین رقم 3750)
مجلس تحقیقات جماعت حیدر کرار